© rasailojaraid.com



عبدالستار گوندل

# اسلامی قوانین کا نفاذ قرآن مجید اور سنت کی روشنی میں

مؤلف ——————— مرزا محمد لطیف شاہد

ناشر ——————— احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور

زیرِ نظر کتاب میں مختلف عنوانات کے تحت اسلامی قوانین کے نفاذ پر بحث کی گئی ہے۔ ان میں سے بعض عنوانات کے تحت بحث سے ہمیں اختلاف ہے۔ اس لیے ہم اپنا صحافتی اور مذہبی فریضہ سمجھتے ہوئے ان پر تبصرہ کرنا چاہتے ہیں۔

"اسلام میں ارتداد کی سزا" کے تحت مؤلف نے لکھا ہے کہ وہ مسائل جن میں ہمارے سادہ حقیقت ناشناس مسلمانوں کو غلطی لگی ہے ان میں ایک مسئلہ ارتداد ہے۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی وجہ سے اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام سے پھر جائے۔ تو قرآن مجید کی رُو سے اسے کوئی سزا دینی چاہیئے یا نہیں؟ ہمارے عام علماء یہ کہتے ہیں کہ ایسے آدمی کو فی الفور سزا کے طور پر قتل کر دینا چاہیئے۔ مگر ہمارا یہ مدعا ہے کہ یہ ان کا نظریہ قرآن مجید پر تدبر نہ کرنے کی وجہ سے ہے۔ سارے قرآن مجید میں قطعاً نہ صراحتاً نہ کنایتاً و اشارۃً کسی جگہ بھی یہ حکم نہیں کہ اگر کوئی اسلام قبول کرنے کے بعد اس سے انحراف کرے تو اسے قتل کر دینا چاہیئے۔ کاش یہ لوگ غور کرتے کہ اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے۔ لا اکراہ فی الدین (البقرہ) دین میں کوئی زبردستی منوانا نہیں۔ آگے جا کر لکھتے ہیں کہ ارتداد صریح کفر کے اظہار اور اسلام کے صریح انکار کا نام ہے۔

یہ بات مسلّم ہے کہ جس طرح مکمل اسلام کے انکار پر ارتداد لازم آتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی اسلام کے کسی ایک رکن کا انکار کرے تو وہ بھی مرتد ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں جن لوگوں نے زکوٰۃ ادا کرنے سے انکار کیا تھا۔ ان کے معاملہ میں جب یہ شبہ

© rasailojaraid.com

